بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# قطعاتِ مومن

☆

ہمیں اللہ، محمدؐ سب سے پیارے ہیں مرے بھائیو
محمدؐ پر جو اُترا تھا وہی قرآں ہمارا ہے
ہمیں کافر کہو ،جو بھی کہو پر یاد یہ رکھو
محمدؐ احمدی کی آنکھ کا ہر دم ستارہ ہے

☆☆

ارے ظالم ہتھوڑے مارتا ہے پاک کلمے پر
خدا کے نام کے ٹکڑے توُ نالی میں گراتا ہے
خدا اُن کو مٹائے گا جو کلمے کو مٹاتے ہیں
خدا ایسے ہی لوگوں کو سَدا عبرت بناتا ہے

خواجہ عبدالمومن
اوسلو، ناروے